پریس ریلیز

نیسلے پاکستان نے گلوبل کمپیکٹ کا بزنس سسٹین ایبلٹی ایوارڈ 2018ء کا پہلا انعام جیت لیا

کراچی (10 جنوری، 2019ء):نیسلے پاکستان نے مسلسل تیسری بار ملٹی نیشنل کیٹیگری میں "Living the Global Compact Business Sustainability Award 2018", کے گلوبل کمپیکٹ کا بہترین بزنس پریکٹسز سسٹین ایبلیٹی کے لئے پہلا انعام جیت لیا۔

اس اعلیٰ ایوارڈ کو مسلسل تیسری بار جیتنا نیسلے پاکستان کی جانب سے معیارِ زندگی کو مسلسل بلند کرنے کے مقصد اور ایک صحتمند مستقبل کے لئے یونائیڈ نیشن کے گلوبل کمپیکٹ(UNGC) کے دس اصولوں کو پورا کرنے اور سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز (SDGs) کو پورا کرنے کے عزم کی توثیق ہے، جنہیں کاروبار میں نافذ کیا گیا ہے۔

نیسلے ہیلدی کڈز جیسے اقدامات کے تحت نیسلے نے مختلف اسکولوں سے شراکت کی اور 140,000 سے زائد بچوں تک اب تک رسائی حاصل کر لی، اسی طرح نیسلے پاکستان نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے ساتھ اپنی شراکت کر کے اپنی رسائی کو بڑھایا، اس منصوبے کے تحت نیسلے پاکستان BISP کے مستحق افراد کی ضروریات پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور انہیں معیشت میں ترقی کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان سیمیناروں میں شرکت کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے جن میں بنیادی غذائیت پر علم کا فروغ کیا جاتا ہے۔اس پروگرام سے پنجاب اور سندھ کے 12 اضلاع میں اب تک 400 سے زائد دیہی خواتین سیلز ایجنٹ کے طور پر مستفید ہو چکی ہیں۔ یہ اقدام اقوام متحدہ کے SDGs نمبر 1,2 اور 5 یعنی غربت مٹاؤ، بھوک اور صنفی مساوات کے تحت ہے۔

نیسلے کے کارپوریٹ افیئرز کے ہیڈ، وقار احمد نے اس ایوارڈ کو جیتنے کی روشنی میں کہا :''یہ ایک ایسا اعزاز ہے جو مسلسل تیسری دفعہ جیتا گیا ہے، اور ہمیں UNGC کی جانب سے تسلیم کیا گیا ہے، اس سے نہ صرف یہ کہ نیسلے کا عزم اور اعتقاد ظاہر ہوتا ہے بلکہ UNGC کے اصولوں کے مطابق ہمارے عزم کو اقوام متحدہ کے SDGs نمبر 1,2 اور 5 کے مطابق جاری رکھنے کے لئے ہماری حوصلہ افزائی بھی کرتا ہے۔''

نیسلے پاکستان کو مبارکباد دیتے ہوئے گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائرکٹر، فصیح الکریم صدیقی نے کہا:''ہم نیسلے کے عزم اور ان کوششوں کو تسلیم کرتے ہیں جو پاکستان میں پائیدار کاروباری طریقوں کو UNGC کے اصولوں کے عین مطابق رکھتا ہے اور ان سے منسلک ہیں۔ مجھے امید ہے ہے کہ اس طرح کے طریقوں کو زیادہ سے زیادہ سطحوں پر فروغ دیا جائے گا، اور دوسرے کاروباری ادارے ان اصولوں کی پیروی ایک مثال کے طور پر کریں گے۔''

اس تقریب کا انعقاد گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک پاکستان نے کیا تھا۔ یہ نیٹ ورک پاکستان میں 90 اداروں سے منسلک ہے۔

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے :
عاتکہ میر خان
پبلک افیئر زمنیجر، نیسلے پاکستان
رابطہ نمبر: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad@PK.nestle.com